# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: وطن پیارا پاکستان | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، مشکل الفاظ کے کارڈ، خالی ڈبے پر رنگ دار کا غذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں اور اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"، گیند

## تحریکی سرگرمی(5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- چار چار بچوں کے گروہ بنادیں۔
- بچوں سے پوچھیں: پاکستان کن کی کوششوں سے بنا؟

پاکستان کے بانی کا نام بتائیں؟

بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق "پیارا وطن پاکستان" کے بارے میں پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کا غذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"۔
- سبق میں دیے گئے "تلفظ سیکھیں" الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر باآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنادیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 44 کھلوائیں۔
- بچوں کے 4 گروہ بنادیں۔ سبق کو چار برابر حصوں میں تقسیم کریں۔ ہر گروہ کو ایک ایک ملک تفویض کر دیں۔
- بچوں کو خاموشی سے تفویض کردہ جملوں / پیراگراف کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • سبق کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔<br>• اب ہر گروہ سے تفویض کردہ جملوں کی بلند خوانی کروائیں۔۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ متعلقہ متن مکمل کرلے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | | سبق کا نام: وطن پیارا پاکستان | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت سوم کی کتاب۔ بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ٹوکریاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگا کاغذ چڑھا لیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔ دیے ہوئے سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔ مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کر دیں۔ بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور انھیں ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں سے کہیں کہ کتاب کا صفحہ نمبر 44 کھولیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "وطن پیارا پاکستان" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔

- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کرلیں۔
- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہیں۔
- اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جس کو پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔
- پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تاکہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔
- اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔
- متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تاکہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 44 پر موجود مشق پر موجود دیئے الفاظ کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- الفاظ اور ان کے معانی کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں پر لکھ لیں۔
- الفاظ کو پھولوں اور معانی کو پتوں پر لکھ لیں۔ جماعت کے بچوں میں یہ پھول اور پتے تقسیم کر دیں۔
- اب اِن پتوں اور پھولوں کی مدد سے الفاظ، معانی کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔
- باری باری پھولوں والے بچے اپنا اپنا لفظ بتائیں اور جن بچوں کے پاس ان کے معنی والے پتّے ہوں وہ ان کے پاس جا کر کھڑے ہو جائیں۔
- اب استاد ان پھولوں اور پتوں کو بچوں کی مدد سے بورڈ پر ٹیپ کی مدد سے چسپاں کر دیں۔
- اس سرگرمی کے تحت تمام الفاظ معانی کے جوڑے بنائیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس دل چسپ سرگرمی سے بچوں کو الفاظ معانی جلدی اور آسانی سے یاد ہو جائیں گے۔ اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم:          یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: وطن پیارا پاکستان | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جوابات کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشاندہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"  ٹوکری، سوالات کی پرچیاں، گتے کا پہیّا

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔
- پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں جس میں سبق "وطن پیارا پاکستان" میں سے کوئی سے چار سوالات پرچیوں پر لکھے ہوئے ہوں اور ان کی باہر کی جانب ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر دیں۔
- اب کمرہ جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا، بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں۔
- بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور سوال نمبر 1 کے تحت دیے ہوئے سوالات اور ان کے جوابات بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں میں لکھیں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیتے رہیں اور ان کی رہنمائی کریں۔
- کتاب کے صفحہ 46 پر موجود سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ 6 کارڈ لیں، جن پر تین ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے دو غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے چار کارڈ اس طرح سے کل 24 کارڈ بنائیں۔

- یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔
- بچوں کو 5 گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔
- پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 3 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں ان کی رہنمائی کریں۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان کے غلط اور درست ہونے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات بورڈ پر لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) سوالات کے جوابات دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: وطن پیارا پاکستان | |

**مقاصد:** الفاظ کی مدد سے جملے بنا سکیں۔

معنی کے لحاظ سے مترادف الفاظ کو سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، گتّے کا ڈبا، کاغذ یا چارٹ کی مدد سے کہنی تک بنی آٹھ ہاتھ، جن پر الفاظ اور جملے لکھنے کی جگہ ہو، چارٹ کی مدد سے بنی ہوئی پرچیاں بنائیں جن پر خاص الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ لکھے ہوں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کی چھے ٹیمیں بنا دیں۔ سبق میں سے کوئی سے چھے الفاظ مختلف رنگوں کی پرچیوں پر لکھ کر ان کے باہر کی جانب 1 تا 5 نمبر لکھ دیں۔
- اب انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ان پر لکھے ہوئے الفاظ نظر نہ آئیں بلکہ صرف ان پر لکھے ہوئے نمبر نظر آ رہے ہوں۔ اب ہر ٹیم میں سے باری باری ایک بچے کو بلائیں اور اسے ڈبا گھما کر لڈو کے دانے کی طرح لڑھکانے کے لیے کہیں۔
- اس ڈبے کی اوپر کی طرف جو نمبر لکھا ہو، بچے سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس نمبر کی پرچی نکال کر کھولے اور اس پر لکھا ہو الفظ درست تلفظ سے پڑھے اور اس سے متعلق ایک جملہ بولے۔
- درست تلفظ ادا کرنے اور درست جملہ بنانے کے چار نمبر ہوں گے۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی دوسرے الفاظ پر باقی گروہوں سے کروائیں ۔ سرگرمی کے اختتام پر جس ٹیم کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ جیت جائے گی۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ الفاظ کے معانی اور مفہوم سے آگاہی کیوں ضروری ہے۔ اگر الفاظ کا درست مفہوم معلوم نہ ہو تو انسان کو کس پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ وغیرہ۔ بچوں کے جوابات لیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ ہر بات جو ہم کرتے ہیں اس کا کوئی مفہوم ہوتا ہے۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔

- بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 48 دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "قومی" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔
- اسی طرح یہ مشق خاص الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔ اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے اس لفظ کا جملہ بھی بتانے کے لیے کہیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط بتانے کی صورت میں کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے بعد درست جملہ بورڈ پر جملے والے کالم میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بورڈ پر درخت کی تصویر چسپاں کریں اور بچوں سے اس کا نام پوچھیں اور تصویر کے نیچے لکھیں۔ اب اس کے نام کے سامنے لفظ "شجر" لکھیں۔ بچون سے پڑھوائیں اور بچوں سے اس کا مطلب پوچھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ تصویر ایک لیکن نام دو کیوں ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔
- بچوں کو بتائیں ایسے الفاظ جو معانی کے لحاظ سے ایک جیسے ہوں، انھیں مترادف الفاظ کہتے ہیں۔
- آج ہم الفاظ کے مترادف لکھ کر خالی جگہ پر کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 8 کے تحت دیا ہوا کالم بنائیں۔
- بچوں سے الفاظ پڑھوائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں سیاہ کا مترادف کیا ہوتا ہے۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اب بورڈ پر جملے میں سیاہ کا مترادف "کالا" لکھیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "جملے" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے الفاظ کے جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | | سبق کا نام: وطن پیارا پاکستان | |

**مقاصد:** اسم ضمیر کی نشان دہی کر سکیں۔
املا لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، تصویری لڈو، پاسا، مختلف رنگوں کے بٹن

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب میز پر مختلف چیزوں کی تصویروں پر مبنی ایک لڈو رکھیں۔
- جماعت میں سے کسی بچے کو بلائیں۔ اسے پاسا لڈو کے دانے کی طرح لڈو پر پھینکنے کے لیے کہیں۔
- پاسا جس تصویر پر گرے گا۔ بچہ اس کا نام بتائے گا اور اس کے بارے میں ایک سے دو جملے بولے گا۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی دوسرے بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں، جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بچوں کو بتائیں کہ وہ لفظ جو کسی اسم کی جگہ بولا جائے،،"اسمِ ضمیر" کہلاتا ہے، بچوں کو بتائیں کہ کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں ۔
- بچوں کو بتائیں کہ وہ اسم جو اسم کی جگہ استعمال کیا جائے، اسے "اسم ضمیر" کہتے ہیں۔ جیسے: وہ، اس، تم، آپ، میں، ہم، اسے، انھیں، تجھے، تمھیں، مجھے، ہمیں، تیرا، تمھارا، وغیرہ اسمائے ضمیر تختۂ تحریر پر لکھ دیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے ان کی وضاحت کریں۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 9 کی طرح دو کالم بنا کر ایک میں جملے اور دوسرے میں اسم ضمیر کی سرخی لکھ دیں۔
- جملے والے کالم میں پہلا جملہ لکھ دیں۔ اب بچوں سے جملہ پڑھوائیں اور ان سے کہیں کہ جملے میں موجود اسم ضمیر بتائیں۔ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی پر اصلاح کریں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باری باری دوسرے جملوں پر بھی مختلف بچوں سے کروائیں۔

- ایک ڈبے میں مختلف رنگوں کے بٹن ڈال لیں۔ جماعت کے بچوں کی تعداد کے مطابق بٹنوں کی تعداد اتنی ہو کہ دو دو بچوں کے پاس ایک رنگ کے بٹن آئیں تا کہ دو دو بچوں کی جوڑیاں بنائی جا سکیں۔ بچوں کے سامنے باری باری یہ ڈبا لے جائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے اس ڈبے میں سے ایک بٹن اٹھالیں اور اپنی مٹھی میں چھپالیں۔
- تمام بچوں میں بٹن تقسیم کرنے کے بعد انھیں ہدایت دیں کہ وہ اب اپنی مٹھیاں کھولیں۔ جن بچوں کے پاس ایک رنگ کے بٹن ہوں، ان کی جوڑی بنادیں۔
- اب کسی ایک جوڑی کے دو بچوں کو بلائیں۔ سبق "وطن پیارا پاکستان" میں سے دس دس مشکل الفاظ چن کر پرچیوں پر لکھیں اور انھیں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- دونوں بچوں میں سے ایک بچے کو ٹوکری میں سے پرچی نکال کر اس پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھنے اور دوسرے بچے کو وہ الفاظ بورڈ پر لکھنے کی ہدایت دیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وت کے بعد بچوں کو موقع نہ دیں۔ بچوں کے کام کا جائزہ ساتھ ساتھ لیتے جائیں۔ ایک لفظ کا درست تلفظ اور درست املا لکھنے کے دو نمبر ہوں گے۔ بچوں کو ان کے نمبر بتائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی بچوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس جوڑی کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گی۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) تختہ تحریر پر الفاظ کی غلط املا لکھ کر دو بچوں کو بلائیں۔ ایک لفظ کی درست املا لکھے گا اور دوسرا اس لفظ پر مبنی جملہ بنائے گا۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: وطن پیارا پاکستان | |

**مقاصد:** دیئے گئے موضوع پر تقریر کر سکیں۔
چارٹ پر اپنی تجاویز لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مار کر / چاک، کُڈز اردو جماعت سوم کی کتاب، مسٹری بیگ، چارٹ، گلو، رنگدار مار کر

تحریکی سر گرمی:

اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔

- اب دونوں گروہوں کو ایک ایک مسٹری بیگ دیں، جس میں پاکستان کے مختلف مقامات کی دو دو تصویریں اور سادہ شیٹیں ہوں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ مسٹری بیگ کھولیں۔ اس میں سے تصویریں نکالیں۔ ان سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور ان سے متعلقہ ایک ایک جملہ شیٹوں پر لکھیں۔ اس دوران میں بچوں کی مدد اور رہنمائی کریں۔ بچوں کو مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کو اپنے لکھے ہوئے جملے پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ بچوں کے لکھے ہوئے جملے چیک بھی کرتے جائیں اور غلطیوں کی اصلاح کرتے جائیں۔ جس گروہ نے املا کی سب سے کم اغلاط کی ہوں اور درست نام لکھے ہوں، انھیں شاباش دیں۔ اب بچوں کو کہیں کہ آپ کسی تفریحی مقام کی سیر کے دوران صفائی کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟ اپنی اپنی تجاویز چارٹ پر لکھیں۔
- اب دونوں گروہوں کو ایک ایک چارٹ، گلو اور رنگدار مار کر اور پاکستان کے چاروں صوبوں کی مشہور جگہوں کی تصویریں دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تصویریں چارٹ پر گلو کی مدد سے چسپاں کر کے ان سے متعلق ایک ایک جملہ لکھیں۔ اس دوران میں ان کی مدد اور رہنمائی کریں ۔ درست چارٹ بنانے والے گروہ کو شاباش دیں اور چارٹ کمرا جماعت میں آویزاں کرنے میں بچوں کی رہنمائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بچوں سے پوچھیں کہ کیا انھوں نے موضوع سے متعلق تقریر تیار کی ہے؟
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو ایک نام دے دیں۔ جیسے: گروہ چاند، گروہ سورج، گروہ ہوا، گروہ بارش۔ ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کریں۔ اب ہر گروہ میں دیے گئے موضوع پر تقریر تیار کروائیں۔

- معلومات پر مبنی پرچیاں ہر گروپ میں تقسیم کریں اور انھیں ہدایت دیں کہ بچے مل کر دی گئی معلومات پر تقریر تیار کریں۔ باری باری ہر گروپ کے پاس جائیں اور لب ولہجے کے اتار چڑھاؤ، تلفظ اور ہاتھوں کے اشاروں کا استعمال کرتے ہوئے تقریر تیار کرائیں۔
- تقریر سے پہلے بچوں کو درج ذیل ہدایات دیں۔

- تقریر کرنا ایک بہت مشکل مگر ضروری فن ہے- اچھا مقرر ایک کامیاب معاشرتی زندگی ہی نہیں گزارتا' بلکہ عملی زندگی میں بھی کامیابیاں اس کے قدم چومتی ہیں- تقریر مختلف مواقع اور مقاصد پر کی جاتی ہیں مثال کے طور پر ہدایات یا معلومات دینے اور تفریح طبع کے لیے تقریر لکھنے اور لوگوں کی موجودگی میں اس کو پیش کرنے میں سب سے اہم سننے والے کے متعلق معلومات ہونا ضروری ہے کیونکہ سننے والے کو اگر بات سمجھ نہ آئے تو تقریر بے اثر ہوگی- تقریر کو موثر انداز میں لکھنے میں درج ذیل نکات مددگار ہوں گے۔

**ا۔ سننے والے کا تعین**

تمام سننے والے علم اور تجربے کی ایک سطح پر نہیں ہوسکتے- اس لیے تقریر ہمیشہ عام سننے والے کو مد نظر رکھ کر لکھی جانی چاہیے-

**۲۔ موضوع کا احاطہ**

تقریر بالعموم کسی ایک متعین کردہ موضوع پر کی جاتی ہے اور مقرر کو اپنے موضوع کے حق یا مخالفت میں اعداد و شمار اور حقائق سننے والے کے سامنے رکھنا ہوتے ہیں اور اپنے نقطہ نظر کو منطقی استدلال سے ثابت کرنا ہوتا ہے-

**۳۔ مواد کی تیاری**

ایک اچھی تقریر موضوع کے تعارف سے شروع ہوتی ہے- ابتدا بہت بھرپور اور متاثر کن ہونی چاہیے تاکہ سننے والے کی دلچسپی بنی رہے-

مواد کی تیاری میں درج ذیل باتوں کو ذہن میں رکھنا چاہئے:

- مواد کی ترتیب: پہلے تعارف' پھر وضاحت' اور آخر میں نتیجہ- تعارف میں موضوعاتی مسئلہ کا احاطہ کریں اور وضاحت میں اس مسئلے کے مختلف حل پیش کریں- نتیجے میں تمام گفتگو کا ایک خلاصہ بیان کریں-
- ادبی فن پاروں سے اقتباسات اور مشہور اشعار کو شامل کریں-
- اپنی بات کو ثابت کرنے کے لیے تاریخ کے حوالہ جات شامل کریں- عام زندگی کی مثالیں بھی بعض اوقات بہت پر اثر ثابت ہوسکتی ہیں-
- چھوٹے چھوٹے جملے استعمال کریں-
- فقرے اس طرح ترتیب دیں کہ ان میں ایک واضح ربط ہو-
- ایک موضوع پر قائم رہیں کیوں کہ اگر آپ بہت زیادہ موضوعات ایک ہی تقریر میں یکجا کر دیں گے تو لوگوں کی دلچسپی کم ہو جائے گی-
- تقریر ایک مکالمے کے انداز میں لکھیں جیسے آپ لوگوں سے بات چیت کر رہے ہوں-
- تقریر میں لکھے گئے الفاظ کا بامعنی اور عام فہم ہونا بہت ضروری ہے- مبہم مشکل اور دہرے معنی والے الفاظ تقریر کی معنویت کم کر دیں گے اور عدم دلچسپی کا باعث ہوں گے-

| |
|---|
| • تقریر مکمل لکھ لینے کے بعد ایک دفعہ اس کو بغور پڑھیں تاکہ مواد کی ترتیب، مثالوں اور اقتباسات کے استعمال، فقروں کی روانی اور الفاظ کے چناؤ میں اگر کوئی کمی رہ گئی ہو تو اسکی تصحیح کی جا سکے۔<br>• بورڈ پر عنوان لکھیں "پاکستان کے صوبے اس کی ترقی کی ضمانت ہیں؟"<br>• اب تختہ تحریر پر چار اسٹکی نوٹس چسپاں کر دیں، جن کی اندر کی جانب گروہ آسمان، گروہ بادل، گروہ دھنک اور گروہ سورج لکھے ہوں۔<br>• اب کسی ایک گروہ کے بچے کو تقریر کے لیے بلائیں۔ اس طرح سے باری باری تمام گروہوں سے ان کی لکھی ہوئی تقریر سنیں۔ آخر میں تمام گروہوں کی تعریف کریں اور تقریر کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) سبق سے متعلق طلبہ سے سوالات کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔ |